| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (گیارھواں ہفتہ) | موضوع: | سبزیوں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جوڑ کے توڑ پڑھ سکیں، لکھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر نامکمل جملے لکھے جائیں گے اور بچوں کو کہا جائے گا جملہ پڑھیں اور آخر میں ہے یا ہیں لکھیں۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے زبانی گفتگو کیجیے۔ سبزیاں کیا ہوتی ہیں؟ کون کون سبزی شوق سے کھاتا ہے؟ بچوں سے انفرادی طور پر اُن کی پسندیدہ سبزی کا نام پوچھیں۔ بچوں کو مختلف سبزیوں کے فلیش کارڈ دکھایئے اور اُن کے نام پوچھیے۔ بچوں کو مختلف سبزیوں کے فلیش کارڈ دکھایئے اور اُن کے نام پوچھیے۔ فلیش کارڈ تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کریں اور سبزیوں کے ناموں کی بلند خوانی کروائیں۔ بچوں سے ساتھ ساتھ سبزیوں کے رنگ بھی پوچھیں۔ بچوں کو کہیے کہ کل سب گھر سے ایک ایک سبزی لے کر آئیں گے۔ بچوں کو سبزی کے ناموں کا Song سنائیں؟<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>مختلف سبزیوں کے ماسک بنائیں اور بچوں کو پہنائیں۔ بچوں کو کہیں باری باری جماعت کے سامنے آئیں۔ بچے بتائیں گے یہ کون سی سبزی ہے اور اُس کا نام تختہ سفید/ سیاہ پر لکھیں گے۔ بچوں کو سبزی کا نام لکھنے میں مدد کیجیے لکھے ہوئے ناموں کی بلند خوانی کروائیں۔ بچوں کو کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ آلو، مولی، گاجر، مٹر سبزیوں کے نام لکھوائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>فلیش کارڈز کے ذریعے سبزیوں کے ناموں کی دہرائی کروائیں۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر سبزیوں کے توڑ لکھیں۔ | 5 منٹ<br>5 منٹ<br>25 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 53 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (گیارھواں ہفتہ) | موضوع: | سبزیوں کے نام | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام کی پہچان کرسکیں۔ سبزیوں کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>سبزیوں کے ناموں کا چارٹ پیپر دکھائیں اور بلند خوانی کروائیں۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو ایک دن پہلے جو سبزیاں لانے کو کہا تھا اُن سے وہ سب اکٹھی کریں اور ایک ٹوکری میں رکھ لیں۔ بچوں سے ان سبزیوں کے نام اور رنگ باری باری پوچھیں۔ بچوں کو بتائیے کہ سبزیاں کھانے کے بہت فائدے ہوتے ہیں۔ سبزیاں ہمیں صحت مند رکھتی ہیں۔ سبزیوں میں بہت سارے وٹامنز ہوتے ہیں۔ جو ہماری صحت کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ ہم سبزیوں کو مختلف طریقوں سے کھا سکتے ہیں۔ جس طرح کچھ سبزیاں کچی کھائی جاتی ہیں جیسا کھیرا، گاجر، پیاز، بند گوبھی، مولی، ٹماٹر اور کچھ سبزیوں کو صرف پکا کہ ہی کھایا جاتا ہے جیسے بھنڈی توری، مٹر، آلو، کریلا، بینگن وغیرہ۔ ادرک، لہسن، پیاز اور ٹماٹر دکھائیں۔ | 10 منٹ | سبزیاں ٹوکری | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>معلمہ بچوں سے سبزیوں کے بارے میں پہیلی پوچھے گی اور بچے اپنے اپنے mini white board پر اس کا نام لکھیں گے۔ مثال کے طور پر میں کون کی شکل کی ہوں۔ میرا رنگ سرخ ہے۔ میں سردیوں میں آتی ہوں (گاجر) میں گول اور بیضوی شکل کا ہوں میرا رنگ بھورا ہے آپ میرے چپس بنا کے کھاتے ہیں۔ (آلو) اسی طرح تمام سبزیوں کے بارے میں پہیلی پوچھیں اور دیکھیں کہ بچوں نے بورڈ پر اس کا کیا نام لکھا ہے۔ بچوں کو کاپی کھولنے کو کہا جائے گا کہ کوئی سی پانچ سبزیوں کے نام کاپی پر لکھیں اور اُن کی تصاویر بنا کر رنگ کریں۔ | 20 منٹ | mini white board marker<br>کاپی ورک | |
| | اختتامیہ: تختہ سفید/ سیاہ پر سبزیوں کے نام لکھوا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام: کتاب صفحہ 44 کیجیے۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (گیارھواں ہفتہ) | موضوع: | موسموں کے نام | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ موسموں کے نام بتا سکیں گرمی اور سردی کی لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سیاہ پر بادل، دوست، بارش، گرمی الفاظ لکھ کر بچوں سے ان کے توڑ کروائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ موسم چار ہوتے ہیں۔گرمی، سردی، خزاں، بہار۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آج کل کون سا موسم چل رہا ہے۔<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم گرمی اور سردی کے موسم کے بارے میں جانیں گے۔بچوں کو بتائیے کہ سردیوں میں گرم کپڑے پہنتے ہیں گرم مشروب پیتے ہیں خشک میوہ جات اور مالٹے کھاتے ہیں جبکہ گرمیوں میں ہم پتلے اور ٹھنڈے کپڑے پہنتے ہیں ٹھنڈے ٹھنڈے مشروب پیتے ہیں۔آئس کریم کھاتے ہیں۔کس کس کو آئس کریم کھانا پسند ہے؟ کس کس کو آم کھانا پسند ہے؟<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید پر گرمی اور سردی لکھ کر بچوں سے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ٹوکری میں مختلف تصاویر (گرم کپڑے، پتلے کپڑے، آم، مالٹے، دستانے، ٹوپی، آئس کریم) رکھ کر بچوں سے باری باری ایک سردی اور ایک گرمی کی تصویر الگ کرنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا کاپی پر سردی اور گرمی کی لکھائی کروائی جائے گی۔بچوں سے سردی اور گرمی سے متعلق ایک تصویر بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے موسموں کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br>20منٹ<br>5منٹ | موسموں کے ناموں کے فلیش کارڈ اور تصاویر<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>موسموں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (گیارھواں ہفتہ) | موضوع: | موسموں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ موسموں کے نام بتا سکیں گرمی اور سردی کی لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے گرمی اور سردی کا فلیش کارڈ دکھا کر باری باری پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>موسموں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ موسم کتنے ہوتے ہیں۔ نام بتائیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کل ہم نے کن دو موسموں کے بارے میں جانا تھا۔ بچوں کو بتائیے کہ آج ہم بہار اور خزاں کے موسم کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیے کہ گرمیاں آنے سے پہلے بہار کا موسم آتا ہے۔ بہار میں ہر طرف رنگ برنگے پھول ہوتے ہیں۔ اور موسم خوشگوار ہوتا ہے۔ خزاں کا موسم سردیاں آنے سے پہلے آتا ہے۔ خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے سبز سے تبدیل ہو کر پیلے ہو جاتے ہیں اور گر جاتے ہیں۔ تختہ سفید پر چاروں موسموں کے نام لکھ کر بلند خوانی کروائیے۔ | 10 منٹ | موسموں کے ناموں کے فلیش کارڈ اور تصاویر<br>کاپی ورک | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر بہار کے موسم کی تصویر اور خزاں کے موسم کی تصویر چسپاں کریں۔ بچوں سے تصاویر کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں کو Salt Tray دے کر خزاں اور بہار کی لکھائی کروائیے۔ معلمہ بورڈ پر لکھے گی اور بچے بورڈ سے دیکھ کر Salt Tray پر۔ توڑ بھی بتائیے۔ بچوں کو کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر بہار اور خزاں کی لکھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے بہار اور خزاں سے متعلق تصویر بنانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے چاروں موسموں کے توڑ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (گیارھواں ہفتہ) | موضوع: | موسموں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ موسموں کی پہچان کرسکیں اور اُن کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر کچھ الفاظ لکھے جائیں گے اور بچوں سے کہا جائے گا کہ ان کو پڑھیں اور ان کے توڑ کریں۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم موسموں کی دہرائی کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ جانتے ہیں سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟ سردی، گرمی، خزاں، بہار بچوں سے پوچھیے آج کل کون سا موسم ہے۔ اگر سردی ہے تو بچوں سے پوچھیں کہ اُن کو سردیاں اچھی لگتی ہیں؟ یا گرمیاں پھر بچوں کو ہر موسم کے بارے میں دوبارہ سے بتایے جیسے سردیوں میں ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ گرم مشروب پیتے ہیں تاکہ خود کو گرم رکھ سکیں۔ سردیوں میں مالٹے اور خشک میوہ جات کھائے جاتے ہیں۔ گرمیوں میں ہم ٹھنڈے اور پتلے کپڑے پہنتے ہیں ٹھنڈے مشروب پیتے ہیں۔ گرمیوں میں ہم آم کھاتے ہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ گرمیاں آنے سے پہلے بہار کا موسم آتا ہے بہار میں ہر طرف پھول ہی پھول ہوتے ہیں۔ اور سردیاں آنے سے پہلے خزاں کا موسم آتا ہے۔ خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے گرتے ہیں ۔ چاروں موسموں کے نام تختہ سفید سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو چار گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر بچے کو ایک ایک موسم کے نام کا فلیش کارڈ دیا جائے گا۔ اور بچوں کو موسموں کے لحاظ سے تصاویر کے فلیش کارڈز دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ موسم کے لحاظ سے ہونے والی سرگرمیاں تلاش کریں اور اُن کو موسم کے نام کے نیچے رکھیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 43 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اُن سے موسموں کے ناموں کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اُن کو کہا جائے گا کتاب میں موسموں کے نام لکھیں اور موسموں کی تصاویر میں رنگ بھریں۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے تختہ سفید/ سیاہ پر موسموں کے نام لکھوائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر موسموں کے نام لکھیں۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | جملے فلیش کارڈز<br>ہے/ ہیں<br>فلیش کارڈز<br><br>کتاب صفحہ 42 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور جملوں میں 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال کرنے پر۔ |